**P.5**

**انفورسمنٹ کیس 1**

- بانس کے مَچان بَنانے کے کام کی جگہ کے معائنے کے بعد، لیبر ڈیپارٹمنٹ کے عملے نے بانس کے مَچان بَنانے کی کمپنی کو کاموں کی غیر محفوظ حالت سے آگاہ کیا کہ جس کے لیے وہ ذمہ دار تھی۔
- تاہم، کمپنی کے انچارج فرد نے نشاندہی کی کہ ان کاموں کو کمپنی کی طرف سے سر انجام نہیں دیا گیا تھا۔
- بعد ازاں، انچارج فرد کو معلوم ہوا کہ کسی فرد نے کمپنی کی جانب سے ایک غلط دستاویز ظاہر کر کے یہ تاثر دیا تھا کہ وہ کمپنی کی جانب سے کام کر رہا ہے اور کام کی جگہ /جائے ملازمت پر کام کیا۔
- کیس کو تفتیش کے لیے پولیس کو رپورٹ کر دیا گیا۔ آخرکار، ایک فرد کو گرفتار کر لیا گیا، اور اس پر غلط دستاویزات استعمال کرنے کا الزام عائد کیا گیا اور اسے 80 گھنٹوں کے کمیونٹی سروس آرڈر کی سزا دی گئی۔

**انفورسمنٹ کیس 2**

- کام پر حادثے کے نتیجے میں ایک ملازم زخمی ہو گیا۔
- تحقیقات کے بعد، لیبر ڈیپارٹمنٹ نے سراغ لگایا کہ زخمی ملازم کا آجر قانونی تقاضے کے طور پر ملازم کو ECI دلوانے میں ناکام رہا۔ پس، لیبر ڈیپارٹمنٹ نے آجر کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی۔
- آجر کو ملازم کو ECI دلوانے میں ناکامی کے باعث ECO کی خلاف ورزی پر چھ ماہ کی فوری قید کی سزا سنائی گئی۔

*مذکورہ بالا اصل کیسز سے لیے گئے ہیں اور صرف حوالہ کے لیے ہیں۔ مِثالوں میں کمپنیوں کے نام فرضی ہیں اور کوئی مماثلت مکمل طور پر اتفاقیہ ہے۔

## انشورنس پالیسی کا جائزہ لینے کا طریقہ سیکھیں ECI کے متعلق ہوشیار رہیں

**ECI پالیسی کا جائزہ لیتے وقت، اس بات کو یقینی بنائیں کہ پالیسی میں تمام ملازمین کا احاطہ کیا گیا ہو اور مندرجہ ذیل تفصیلات پر توجہ دی جائے**

- پالیسی کی قسم ECI کے طور پر بیان کی جانی چاہیے
- آیا انشورنس شدہ کمپنی کا نام کاموں کی انجام دہی پر مامور کے ساتھ مماثل ہے (اگر نہیں تو، دو کمپنیوں کے مابین تعلق کیا ہے اور آیا کمپنی کے کاموں کو سر انجام دینے والے ملازمین کا احاطہ کیا گیا ہے)
- انشورنس پالیسی کی موثر العمل مدت
- کام کا دورانیہ انشورنس پالیسی کی موثر العمل میعاد کی مدت کے اندر ہونا چاہیے
- کام کی نوعیت
- کام کی جگہیں /احاطہ شدہ مقامات (اگر قابل اطلاق ہو)
- ملازمین کی اصل آمدنیاں
- انشورنس شدہ ملازمین کی تعداد
- جن پیشوں کا احاطہ کیا گیا ہو
- مستثنیات

**اگر بانس کے مچان بنانے کی تجارت میں شریک ہو تو،**

**انشورنس پالیسی میں کام کی نوعیت عام طور پر پُر ہو گی بطور**

*بانس کے مچان بنانے کا کام (搭棚)*

# ABC انشورنس کمپنی لمیٹڈ
## انشورنس کا تصدیق نامہ
(保險證明)

اس امر کی تصدیق کی جاتی ہے کہ درج ذیل انشورنس کو
ABC انشورنس کمپنی لمیٹڈ کے ساتھ نافذ کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| **حوالہ** | CBDDAS/17/1: |
| **تاریخ** | : 28نومبر 2019 |
| **انشورنس کی قسم** | :ایمپلائیز کمپنسیشن انشورنس |
| **انشورنس شدہ کا نام** | **:سیفٹی سکیفولڈنگ کمپنی لمپیٹڈ** |
| **انشورنس کی مدت** | :29 نومبر 2019 تا 28 نومبر 2020 |
| **کاروبار** | :بانس کے مچان بنانے کا کام |
| **جائے ملازمت** | 1)**20/F، ECI بلڈنگ، ہانگ کانگ**<br>2)ہانگ کانگ کے اندر کہیں بھی |
| **جواب دہی کی حد** | :کسی ایک واقعہ کے باعث یا اس سے پیدا شدہ کسی ایک کلیم یا کلیمز کے سلسلے کے تناظر میں HK$100 ملین |

**انشورنس شدہ ملازمین**

| **ملازمین کی تفصیل :** | **ملازمین کی تعداد** | **اجرتی ادائیگی** |
|---|---|---|
| بانس کے مچان بنانے کا کارکن/ ڈرائیور | 2 | HK$967,200.00 |
| **سنڈری ورکر** | 2 | HK$561,600.00 |
| **ڈرائیور** | 1 | HK$249,600.00 |
| **کاروباری شراکت دار (نان-مینوئل ورکس)** | 1 | HK$400,000.00 |

**شرائط اور ضمانت**
:(1 سیفٹی بیلٹ وارنٹی (زائد از 30 فیٹ) – مچان بانس ورکر کے لیے قابل اطلاق
2) استثناء برائے تعمیراتی جگہ
3) استثناء برائے سینکشن
4)انشورش شدہ کا اصول

**ریمارکس**
:شرائط اور ضوابط بمطابق معیاری پالیسی برائے ABC انشورنس کمپنی لمیٹڈ

برائے اور منجانب
ABC انشورنس کمپنی لمیٹڈ

* ECI پالیسی نمونہ محض حوالہ کے لیے ہے

